
© rasailojaraid.com



محمد اسرار ابن مدنی
نائب مدیر الحق



# تعارف وتبصرہ کتب

● **انوارِ حق** ...... شیخ الحدیث حضرت مولانا انوار الحق صاحب

پیش نظر مجموعہ مواعظ وخطبات المعروف ''انوارِ حق'' شیخ الحدیث حضرت مولانا انوار الحق صاحب ،نائب مہتمم جامعہ دارالعلوم حقانیہ و نائب صدر وفاق المدارس العربیہ پاکستان کے ان مواعظ وخطبات کا مجموعہ ہے جو آپ نے دارالعلوم حقانیہ کی مسجد قدیم میں خطبۂ جمعہ کے طور پر ارشاد فرمائے ۔اس مسجد اور اس کے منبر ومحراب کو اللہ تعالیٰ نے حضرت مولانا عبدالحق قدس اللہ سرہ کا مسند وعظ وارشاد اور دارالعلوم حقانیہ کی شکل میں فیوض وبرکات کا اولین تاسیسی سرچشمہ اور منبع فیض وہدایت بننے کے لازوال مجد وشرف سے نوازا جو آگے چل کر دارالعلوم کے موجودہ شکل کی شجر طوبیٰ کی شکل اختیار کر گیا۔حضرت شیخ الحدیث قدس اللہ سرہ سالہا سال اس تاریخی مسجد اور اس کے منبر ومحراب سے وعظ خطابت کی شکل میں دعوت واصلاح کا فریضہ انجام دیتے رہے جیسے ''دعوات حق'' کے نام سے دوضخیم جلدوں میں مرتب کر کے شائع کر دیا گیا ہے۔اسی تاریخی مسجد اور منبر ومحراب سے اپنے والد ماجدؒ کے مشن کو جاری رکھتے ہوئے وعظ وارشاد اور خطبات جمعہ کا سلسلہ جاری رکھا۔انداز بیاں بھی اسی سادگی دلنشینی اور اخلاص وللّٰہیت کو لیے ہوئے ہے ۔گویا حضرت قدس سرہ کے دعوات حق کا سلسلہ اللہ تعالیٰ نے ''انوار حق'' کی صورت میں باقی رکھ کر اس نقش اولین کو نئے پیرانہ اور نقش ثانی کی شکل میں اجاگر کر دیا ہے۔حضرت مولانا انوار الحق مدظلہ دارالعلوم کی تدریس میں ہمہ وقت انہماک کے ساتھ ساتھ طلبہ کی تربیت ونگرانی میں اور انتظام وانصرام میں مستقل مصروف عمل ہیں۔لیکن اس کے ساتھ وعظ وارشاد کی مجالس میں شرکت اور پھر اس کو محفوظ رکھنے کی صلاحیتوں سے نوازا ہے۔

زیر تبصرہ کتاب ان کے خطبات کی پہلی جلد ہے جو حضرت مولانا سمیع الحق مدظلہ،ڈاکٹر مولانا شیر علی شاہ صاحبؒ ،مولانا زاہد الحسینی اور مولانا عبدالقیوم حقانی جیسی شخصیات کی تقاریظ وتاثرات سے مزین ہے۔ یہ جلد ۳۵ علمی ،اصلاحی،معاشرتی،اخلاقی اور سماجی موضوعات پر اسلامی تعلیمات کی روشنی میں دیئے گئے آسان، عام فہم اور سلیس خطبات کا مجموعہ ہے۔جس پر مرتب مولانا سلمان الحق حقانی اور دیگر ٹیم قابل صد تحسین و بریک ہے۔اِس کی پہلی دو اشاعتیں مؤتمر المصنفین سے شائع ہوئیں جبکہ زیر تبصرہ تیسری اشاعت ''القاسم'' اکیڈمی جامعہ ابوہریرہؓ خالق آباد نوشہرہ سے شائع ہوئی۔کاغذ مناسب،دیدہ زیب ٹائٹل ،بہترین

© rasailojaraid.com